**29-01-2025**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............

**Music**

--------------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ میں پیش آئے حادثہ پر انتہائی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے صورتحال کا جائزہ لیا اور ہر ممکن مدد کا یقین دلایا ہے۔

☆ اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے لوگوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ افواہوں پر دھیان نہ دیں۔ پریاگ راج میں مونی اماوسیہ امرت اسنان خوش اسلوبی سے جاری ہے۔

☆ بیٹنگ ریٹریٹ تقریب سخت سکیورٹی کے دوران آج شام نئی دلی کے وجے چوک پر منعقد ہوگی۔

☆ دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم اپنے شباب پر ہے، سرکردہ رہنما پورے شہر میں ریلیاں اور روڈ شو کررہے ہیں۔

☆ اور : ICC کے چیف ایگزیکٹو Geoff Allardice نے اپنے عہدے سے مستعفی ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**New Day Mahahkumbh Amrit Snan**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے آج پریاگ راج مہا کنبھ میں ہوئے حادثے پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے عقیدت مندوں کے جانی نقصان پر گہرے صدمے کا اظہار کیا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ پریاگ راج مہاکنبھ میں بھگدڑ کا یہ واقعہ نہایت افسوسناک ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے، اُن عقیدت مندوں کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا ہے، جنہوں نے اس حادثے میں اپنی جان گنوائی ہے۔ صدر جمہوریہ نے زخمی عقیدت مندوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔وزیراعظم نریندر مودی نے بھی اس حادثے میں جان گنوانے والے عقیدت مندوں کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا ہے اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ مقامی انتظامیہ متاثرین کو ہر ممکن مدد کررہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ انہوں نے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ سے بات کی ہے اور وہ مسلسل ریاستی حکومت کے رابطے میں ہیں۔حادثے کے بعد نامہ نگاروں سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ نے کہا کہ جناب مودی نے صورتحال کے بارے میں کئی مرتبہ ان سے دریافت کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ عقیدت مند رات ایک بجے سے دو بجے کے درمیان اکھاڑہ مارگ کی بندشوں کو پار کرتے ہوئے شدید طور پر زخمی ہوگئے تھے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ انہیں فوراً ہی اسپتال لے جایا گیا، جہاں ان کا علاج چل رہا ہے۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، صحت کے مرکزی وزیر اور BJP صدر جے پی نڈا اور گورنر آنندی بین پٹیل نے صورتحال کے تعلق سے اُن سے بات کی ہے۔

جناب یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ پریاگ راج مہاکنبھ میں عقیدت مندوں کی بھاری بھیڑ ہے اور تقریباً 8 سے 10 کروڑ عقیدت مند وہاں موجود ہیں۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے نزدیکی گھاٹ پر اسنان کریں اور انہوں نے لوگوں پر اس بات کیلئے بھی زور دیا کہ وہ افواہوں پر دھیان نہ دیں۔

اس دوران پریاگ راج مہاکنبھ میں مونی اماوسیہ امرت اسنان خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے۔×

**BEATING RETREAT**

یومِ جمہوریہ تقریبات کے حصے کے طور پر، آج نئی دلّی کے وِجے چوک پر فوجوں کی واپسی کی تقریب Beating Retreat منعقد کی جائے گی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ، وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر دفاع راجناتھ اور دیگر مرکزی وزراء بھی اس موقع پر موجود ہوں گے۔ ×

**Pre Budget Expectation Industry**

مرکزی وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن اگلے مہینے کی پہلی تاریخ کو مالی سال 2025-26 کیلئے مرکزی بجٹ پیش کریں گی۔

آئندہ بجٹ میں حکومت کی معاشی ترجیحات نیز ملکی اور عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے مالیاتی حکمتِ عملی وضع کرنے کی توقع ہے۔ ماہرین اور لوگوں کواس بات کا قوی امکان ہے کہ اِس مرتبہ سرکار، ملک میں مضبوط بنیادی ڈھانچے کی تعمیر پر زور دیتے ہوئے ترقی، روزگار پیدا کرنے اور مالیاتی سوجھ بوجھ پر توجہ مرکوز کرے گی۔ مرکزی بجٹ پیش کیے جانے سے قبل ایک خصوصی سیریز کے تحت آکاشوانی نیوز، اِس سلسلے میں ماہرین اور عوام کی توقعات کو پیش کر رہا ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے ٹیکنالوجی پر مبنی ایجوکیشن اسٹارٹ اپس کے شریک بانی یشونت Chityala نے آئندہ مرکزی بجٹ سے اپنی توقعات کا اظہار کیا۔ انھوں نے کہا کہ حکومت کو طلبہ کو ہُنر مندی کی تربیت دینے پر اور زیادہ توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔

**DELHI CAMPAIGN**

اگلے مہینے کی پانچ تاریخ کو دلی اسمبلی انتخابات کے لیے انتخابی مہم زور و شور سے جاری ہے اور سبھی اہم سیاسی پارٹیوں کے رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کی ہرممکن کوشش کر رہے ہیں۔ BJP، عام آدمی پارٹی اور کانگریس کے سرکردہ رہنما ریلیاں، گھر گھر جاکر رابطہ قائم کرنے کی مہم، اور روڈ شو کر رہے ہیں، تاکہ اپنے امیدواروں کیلئے ووٹروں کی حمایت حاصل کی جاسکے۔ BJP کے سینئر رہنما اور وزیراعظم نریندر مودی، آج شاہدرا اسمبلی حلقے کے کرتار نگر میں ریلی سے خطاب کررہے ہیں۔ آسام کے وزیراعلیٰ ہیمنت بسواسرما اتم نگر اور قرول باغ میں عوامی اجتماع سے خطاب کریں گے۔ اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نجف گڑھ، بدر پور، کالکاجی اور گریٹر کیلاش میں عوامی میٹنگیں کریں گے۔مرکزی وزیرنتن گڈکری مٹیالہ اور وکاس پوری میں ریلیاں کریں گے، جبکہ مرکزی وزیر منوہر لال کھٹر کا موتی نگر، آر کے پورم اور مہرولی میں عوامی میٹنگیں کرنے کا پروگرام ہے۔دوسری جانب عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر اور دلی کے سابق وزیراعلیٰ اروند کیجریوال آج شام بادلی اور تیمارپور حلقوں میں عوامی اجتماعات سے خطاب کریں گے۔ پنجاب کے وزیراعلیٰ بھگونت مان راجوری گارڈن، تلک نگر اور وکاس پوری میں ایک بڑا روڈ شو کریں گے۔ اِس دوران کانگریس کے سینئر رہنما جے رام رمیش اور دیویندر یادو کانگریس کا منشور جاری کردیا ہے، جبکہ سینئر کانگریس رہنما راہل گاندھی بوانہ میں عوامی اجتماع سے خطاب کریں گے۔×

**ISRO LAUNCH**

بھارت کی خلائی تحقیق سے متعلق تنظیم اِسرو نے، اپنے جدید ترین سیارچے NVS دوئم کو کامیابی کے ساتھ خلاء میں روانہ کیا

ہے۔ اِس مصنوعی سیارچے کو آج آندھراپردیش میں سری ہری کوٹہ سے روانہ کیا گیا۔ زمین کے ساتھ ساتھ گردش کرنے اور سیارچے کو خلاء میں لے جانے والے راکٹ GSLV-15 نے آج صبح 6 بج کر 23 منٹ پر اپنی پرواز شروع کی۔ مشن کے کامیاب لانچ کے بعد اظہار خیال کرتے ہوئے اِسرو کے چیئرمین ڈاکٹر وی نارائنن نے کہا کہ اِس سیارچے کو خلاء میں بھیجا جانا، اِسرو کے ذریعے حاصل کیا گیا ایک سنگِ میل ہے، کیونکہ سری ہری کوٹہ میں، ستیش دھون خلائی مرکز سے بھیجا جانے والا یہ 100 واں سیارچہ ہے۔x

**RG Kar Suprim Court**

سپریم کورٹ RG KAR معاملے میں از خود کارروائی کرتے ہوئے آج سے سماعت شروع کررہا ہے۔

یہ معاملہ حفظانِ صحت کے پیشہ ور افراد کی حفاظت سے متعلق ہے، جس کا آغاز کولکاتہ کے RG KAR اسپتال میں پچھلے سال اگست میں ایک ٹرینی ڈاکٹر کی وحشیانہ عصمت دری اور قتل کے بعد ہوا تھا۔ 22 جنوری کو چیف جسٹس آف انڈیا سنجیو کھنہ، جسٹس سنجے کمار اور جسٹس کے وی وِشوناتھن پر مشتمل ایک بنچ نے کہا تھا کہ وقت کی کمی ہے اور اِس کے علاوہ اِس معاملے میں تین اور درخواستیں دائر کی گئی ہیں، اِس لیے اِس معاملے کی سماعت 29 جنوری سے شروع کی جائے گی۔x

**Tripura-Bhashini**

تریپورہ حکومت نے الیکٹرانکس اور مواصلاتی ٹیکنالوجی (Meity) کی وزارت کے تحت ڈیجیٹل انڈیا بھاشنی ڈویژن (DIBD) کے ساتھ مفاہمت کے ایک اقرار نامے پر دستخط کئے ہیں۔ اس مفاہمت نامے پر اگرتلہ میں منعقد Bhashini Rajyam ورکشاپ کے دوران دستخط کئے گئے۔ اس موقع پر IT کے وزیر مملکت Pranjit Singha Roy نے بتایا کہ بھاشنی سے مربوط یہ پہل شہریوں پر مرکوز حکمرانی کے نئے راستے کھولے گی اور تریپورہ کو آتم نر بھر بنانے کی کوششوں میں مددگار ثابت ہوگی۔ اہلکاروں نے بتایا ہے کہ بھاشنی پہل نے تریپورہ کی مالا مال علاقائی زبانوں کے استعمال کو بڑھانے کی ریاست کی کوششوں نے ایک اہم سنگ میل طے کیا ہے، جس سے حکمرانی میں ان زبانوں کا استعمال کرتے ہوئے شہریوں کی ڈیجیٹل حصہ داری میں سہولت بھی حاصل ہوگی۔x

**Trump Netanyahu Meeting**

امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نتن یاہو کو اگلے ہفتے وہائٹ ہاؤس میں ایک میٹنگ کے لیے مدعو کیا ہے۔ جناب نتن یاہو نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ وہ امریکی صدر کے ساتھ اگلے مہینے کی چار تاریخ کو ملاقات کریں گے۔ یہ دعوت نامہ امریکہ کے صدر کی جانب سے ایک خط کے ذریعے بھیجا گیا ہے۔ اِس میٹنگ میں اسرائیل اور اُس کے پڑوسی ممالک کے درمیان امن کے قیام اور مشترکہ دشمنوں کا مقابلہ کرنے کی کوششوں کے سلسلے میں تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ جناب نتن یاہو، جناب ٹرمپ کے دوسری مدت کار میں عہدہ سنبھالنے کے بعد وہائٹ ہاؤس کا دورہ کرنے والے پہلے غیر ملکی رہنما ہوں گے۔x

**MEA - CANADA**

بھارت نے، کینیڈا کی اُس رپورٹ کو مسترد کر دیا ہے، جس میں کینیڈا کے معاملات میں، مبینہ مداخلت سے متعلق سرگرمیوں کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ خارجی امور کی وزارت نے اِس بات پر زور دیتے ہوئے، اِن الزامات کو مسترد کردیا ہے کہ حقیقت تو یہ ہے کہ کینیڈا بھارت کے اندرونی معاملات میں مسلسل مداخلت کرتا رہا ہے۔وزارتِ خارجہ نے مزید اشارہ دیا ہے کہ اِس مداخلت کی وجہ سے غیر قانونی ترکِ وطن اور منظّم طور پر مجرمانہ سرگرمیوں کا ماحول بھی پیدا ہو گیا ہے۔x

**J&K-Operations**

جموں وکشمیر میں پولیس، فوج اور نیم فوجی دستوں نے لائن آف کنٹرول سے متصل بلند بالا مقامات اور جنگلاتی علاقوں کو نشانہ

بناتے ہوئے تقریباً دو درجن سے زیادہ مقامات پر دہشت گردی مخالف کارروائیاں تیز کردی ہیں۔ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ان کارروائیوں کا مقصد پچھلے سال ڈویژن میں سلسلے وار ہلاکت خیز حملوں کیلئے ذمہ دار دہشت گردانہ نیٹ ورک کو ختم کرنا ہے۔ ان کارروائیوں کا مقصد اس بات کو بھی یقینی بنانا ہے کہ اُن جنگلاتی علاقوں کو، جنہیں دہشت گرد اکثر اپنی کمین گاہوں کے طور پر استعمال کرتے ہیں، ختم کیا جائے۔×

## ICC CEO Steps Down

بین الاقوامی کرکٹ کاؤنسل ICC نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ Geoff Allardice نے ICC کے چیف ایگزیکٹیو کے عہدے سے مستعفی ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ Allardice کا یہ فیصلہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب پاکستان میں چیمپئنز ٹرافی 2025 کی میزبانی کے حوالے سے خدشات پائے جا رہے ہیں، جو اگلے ماہ شروع ہونے والی ہے۔ اپنے الوداعی پیغام میں، جناب Allardice نے کہا کہ وہ اپنی کامیابیوں پر بے حد فخر محسوس کرتے ہیں، جن میں کرکٹ کے عالمی دائرہ کار کو بڑھانے سے لے کر آئی سی سی کے اراکین کے لیے تجارتی بنیادیں مضبوط کرنا بھی شامل ہے۔ ICC کے چیئرمین جے شاہ نے بھی جناب Allardice کے تعاون پر اُن کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اُن کی کوششوں نے عالمی سطح پر کرکٹ کو آگے بڑھانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔

## BUMRAH BEST CRICKETER

بھارت کے تیز گیند باز جسپریت بُمرا کو کرکٹ کے سبھی فارمیٹ میں اُن کی غیر معمولی کارکردگی کو تسلیم کئے جانے کے صلے میں، انھیں مردوں کے ICC کرکٹر آف دی ایئر 2024 کے لیے Sir Garfield Sobers Trophy سے سرفراز کیا گیا ہے۔ بُمرا یہ ایوارڈ حاصل کرنے والے پہلے بھارتی تیز گیند باز بن گئے ہیں اور وہ راہل دراوڈ، سچن تیندولکر، روی چندرن اشون اور وراٹ کوہلی سمیت سرکردہ بھارتی کرکٹ کھلاڑیوں کی فہرست میں شامل ہو گئے ہیں۔×

## Virat Kohli Rajni trophy

سابق بھارتی کپتان اور اسٹار بلے باز وراٹ کوہلی گھریلو کرکٹ میں دہلی کی جانب سے واپسی کے لیے تیار ہیں، کیونکہ وہ جاری رانجی ٹرافی میں کل دہلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں ریلویز کی ٹیم کے خلاف میچ کھیلیں گے۔ وراٹ کوہلی آیوش بدونی کی قیادت میں کھیلیں گے۔ یہ فیصلہ بی سی سی آئی کی اس ہدایت کے بعد سامنے آیا ہے جس کے تحت دستیاب ہونے پر کھلاڑیوں کو گھریلو کرکٹ کھیلنی ہوگی۔ دہلی اور ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن (ڈی ڈی سی اے) نے اعلان کیا ہے کہ رنجی میچوں کی طرح شائقین کے لیے انٹری مفت رہے گی۔x

## Football -ISL

انڈین سپر لیگ ISL فٹبال میں، نارتھ ایسٹ یونائیٹڈ FC کا سامنا آج شام گوہاٹی میں اندراگاندھی ایتھلیٹک اسٹیڈیم میں میزبان حیدرآباد FC سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ نارتھ ایسٹ یونائیٹڈ FC پوائنٹ کی فہرست میں فی الحال چھٹے نمبر پر ہے، جس نے 6 میچ جیتے ہیں اور ساتواں برابر پر ختم ہوا ہے۔ ×